کل ۱۶۷۔ ابھی ۳۳۳ درخواستوں کی کمی ہے ہم کچھ نہیں کہتے۔ آپ خود ہی خدا کے لئے اپنے گریبان میں منہ ڈالکر بتلائیں۔ کہ جس اہم کام کی طبع کے لئے کم از کم فی الفور دو ہزار روپیہ کی ضرورت ہو۔ وہاں ۱۶۷ درخواستوں پر کسطرح حوصلہ پڑ سکتا ہے میں کچھ اور مدت انتظار کروں گا۔ اگر کوئی خدا کا پیارا قرآن شریف کے گورمکھی ترجمہ کے طبع کے لئے اعانت کے واسطے آگے بڑھا تو زہے قسمت۔ ورنہ بادل نخواستہ انا للہ وانا الیہ راجعون کہتے ہوئے اس اشد ضروری کام کو کسی اور موقعہ پر ملتوی کرنا پڑے گا۔ مگر یاد رہے کہ ہماری پیشانیوں پر یہ ایک ٹیکا ہوگا۔ جسے دنیا کی کوئی سفیدی دور نہیں کر سکتی۔ غضب خدا کا سکھوں کے دلوں میں قرآن مجید کے گورمکھی ترجمہ کا خیال پیدا ہو۔ حالانکہ ان کا کوئی مذہبی فرض نہ تھا۔ صرف مسلمانوں کے چڑانے کے لئے۔ تو ایک ہی شخص آگے بڑھ کر پانچہزار کی تھیلی کا ڈھیر لگا دے۔ مگر دوسری طرف جنکا یہ فرض اولی تھا۔ کہ قرآن مجید کا پیغام صداقت دنیا کے کونے کونے تک پہنچ جائے۔ جب قرآن مجید کے گورمکھی ترجمہ کی طبع کا سوال پیدا ہو۔ اور وہ بھی یہ مطالبہ دردمندان ملت کے سامنے رکھا جاوے۔ کہ طبع کے پہلے کم از کم پانصد درخواستیں پہنچ جائیں تاکہ مطبع میں ترجمہ بھیجنے کی جرأت پڑ سکے۔ تو کسقدر حیرانی اور حیرت نہیں بلکہ ندامت اور شرمساری کا موجب ہو۔ کہ کافی عرصہ کے رٹنے رٹانے کے بعد صرف ۱۶۷ درخواستیں آئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

نمستے کا لفظ ویدوں میں نہیں ہے

ایک بشنداس نامی سناتنی نے تمام آریہ صاحبان کو یہ چیلنج دیا ہے۔ کہ لفظ نمستے کہیں ویدوں میں نہیں ہے۔ یہ آریہ سماج کی اپنی ایجاد ہے۔ آج تک کسی آریہ نے بشنداس کے مطالبہ کا جواب نہیں دیا باوجودیکہ ہم ایک تیسرے آدمی ہیں۔ نہ ہمیں آریوں سے تعلق۔ اور نہ سناتنیوں سے واسطہ۔ مگر ہمارا یہ ایمان ہے۔ کہ کم از کم آریہ سماج کے وید میں نمستے شد ضرور ہوگا جب ریل۔ تار۔ ٹیلیفون تک موجود ہے۔ تو نمستے کا معمولی شبد کیوں نہیں ہوگا۔

ویدک مذہب میں عفو کی تعلیم

یو۔ پی کا آریہ اخبار "رہبر" لکھتا ہے۔ کہ ویدک دھرم میں کہتما (عفو) کو دوسرا درجہ دیا گیا ہے "نور" یہ بات تو صحیح ہے۔ مگر حیرت اور حیرانی کی یہ بات ہے کہ خود ایشور جی مہاراج عفو اور درگذر کی تعلیم کو کام میں نہیں لاتے۔ شری سوامی دیانند صاحب نے ستیارتھ پرکاش میں اور رگ وید بھاش بھومکا میں کئی بار یہ ارشاد فرمایا ہے۔ کہ خواہ کتنے ہی جتن اور پاپڑ کیوں نہ کئے جائیں۔ پھر بھی ایشور رتی بھر بھی گناہ نہیں بخشتا۔

اب کہاں آریہ اخبار "رہبر" کی یہ ڈینگ کہ ویدک مذہب میں عفو کا دوسرا درجہ ہے۔ اور کہاں ایشور جی مہاراج کا ایک خشخاش کے برابر بھی گناہ نہ بخشنا۔ ہاں اسلام کو یہ فخر الاہ بجا فخر ہے۔ کہ انسان خواہ کتنا ہی گناہوں میں کیوں نہ ڈوبا ہوا ہو۔ جب سچے دل سے تائب ہو تو خدا اس کے گناہ بخش دے گا۔ تضرع اور عاجزی گناہوں کا کفارہ ہے۔ مگر ویدک مذہب میں یہ بات میسر نہیں ؛

ویدوں کی بجائے مہابھارت اور رامائن کی کتھا

ستیارتھ پرکاش صفحہ ۳۳۰۔ ۱۲۔ پر شری سوامی دیانند صاحب نے جو کچھ پرانوں اور مہابھارت کے متعلق لکھا ہے وہ ظاہر ہے چنانچہ آپ فرماتے ہیں۔

"ان بھاگوت آدمی پرانوں کے بنانے والے جنتے ہی اکبوں نہ گرہ میں نشٹ ہو گئے۔ جنتے سے مر کیوں نہ گئے۔ مگر زمانہ کا رنگ دیکھئے۔ کہ ابھی اس بات کو زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ آریہ صاحبان نے رامائن اور مہابھارت کی کتھا کرنی شروع کر دی۔ چنانچہ پہلے دنوں سوامی ستیانند صاحب نے لاہور میں رامائن اور مہابھارت وغیرہ کی کتھا کی۔ اصل میں آریہ بھی پہلے ہیں۔ بھلا ویدوں میں۔ تار۔ ماور ریل کے فسانوں پر کون ایمان لائے۔ البتہ پرانوں کی دلچسپ کہانیاں لوگوں کے لئے کچھ دلچسپی موجب بن سکتی ہیں۔ آریہ سماج کو یہ تبدیلی مبارک ہو ؛

آریہ سماج میں روحانیت کا احساس۔

آریہ گزٹ اپنے ایک پچھلے ایشوع میں لکھتا ہے۔ کہ آریہ سماج نے دیش بھگت تو پیدا کئے۔

مگر ابھی تک ایشور بھگت پیدا نہیں کئے"۔ آریہ سماج کا یہ احساس مبارک ہے۔ مگر جب بانیٔ سماج کی زندگی میں ہی ایشور بھگت کی بجائے دیش بھگت پیدا ہوئے۔ تو اب اس امر کو دوسری طرف لے جانا کارے دارد ہے۔

ہاں ذرا آپ آئیں سلسلہ عالیہ احمدیہ کی طرف توجہ کریں۔ کہ اس سلسلہ میں آپ کو کتنے خدا کے پیارے نظر آئیں گے۔ جو خدا کے نام پر جیتے اور خدا کے نام پر ہی اٹھتے بیٹھتے ہیں۔ اور جو ایشور کے پریم میں ہر وقت ڈوبے رہتے ہیں۔ اور جو خدا کی لگن میں ہر وقت مگن رہتے ہیں اور کثرت سے مکالمہ و مخاطبہ الٰہیہ سے مستفیض ہوتے ہیں ہماری دعا ہے۔ کہ خدا آریہ سماج کو بھی اس نعمت غیر مترقبہ سے مستفیض فرماوے ؛

بھائی خالصہ اخبار کی ڈینگ

بھائی خالصہ اخبار اپنی سالانہ کارگذاری میں لکھتے ہیں۔ کہ "میاں نور قادیان کے متعلق زبردست مدلل آرٹیکل لکھ کر ایسی قلعی کھولی گئی۔ کہ ابھی تک وہ ہمارے مقابلہ میں آنے کی جرأت نہیں کر سکا"۔

اس ڈینگ کی بھی کوئی انتہا ہے۔ اس کے بعد کم از کم دو دفعہ تو نور میں دندان شکن جواب دیا گیا۔ اور بعد ازاں الفضل کے ذریعہ بھی بھائی صاحب کا گھر پورا کیا گیا۔ مگر بھائی صاحب ہیں۔ کہ مرغ کی ایک ہی ٹانگ دبائے جا رہے ہیں۔ اگر بھائی صاحب کی تسلی نہیں ہوئی تو ہم اب بھی خدا کے فضل سے بھائی صاحب جب چاہیں حاضر ہیں ؛

ویدوں کا مخالف بھی اور خدا کا اوتار بھی۔

سناتن دھرم پرچارک میں کوئی پنڈت کرم چند سٹیشن ماسٹر لکھتے ہیں کہ اوتاروں میں بدھ کا بھی ذکر ہے۔ مگر بدھ نے ویدوں کی تردید کی۔ کیا ایشور اپنے گیان کی خود بھی تردید کیا کرتا ہے

اب سناتن دھرم پرچارک کا ایڈیٹر اسکا کیا مزیدار جواب دیتا ہے۔ کہ "ایشور نے دنیا کی آزمائش کے لئے ایسا کیا"۔

کیا بزرگوں کے نقش قدم پر چلنا ہتک ہے؟

KHILAFAT LIBRARY

سبحان اللہ کیا عمدہ اور زبردست معرفت کا نکتہ ہے جھوٹ ایک بری چیز ہے۔ مگر آزمائش کے لئے جھوٹ بولنا جائز ہے۔ اسی طرح ہندو دھرم میں ویدوں کی تردید ایک بری چیز ہے۔ مگر آزمائش کے لئے جائز و روا ہے ؛

پچھلے دنوں لاہور میں مہابھارت کے ناٹک کے برخلاف اخبار "ملیٹین" نے ایجیٹیشن شروع کیا تھا۔ اور مہاتما منشی رام صاحب نے ملیٹین کے برخلاف اپنی آواز بلند کی تھی۔ اسکے جواب میں "ملیٹین" نے لکھا۔ کہ "اگر مہاتما منشی رام جی مہابھارت اور رامائن وغیرہ کے ناٹک پسند فرماتے ہیں۔ تو چشم ما روشن دلِ ما شاد۔ مہاتما جی ڈاڑھی مونچھ سے آزاد ہو کر شری سوامی دیانند جی مہاراج کا ایکٹ کریں"۔ اس پر بعض اخبارات میں ایڈیٹر ملیٹین کے برخلاف سخت لے دے ہو رہی ہے۔ کہ اس نے مہاتما جی کی ہتک کی ہے۔ جو انہیں ڈاڑھی مونچھ کے متعلق شری سوامی دیانند جی مہاراج کے نقش قدم پر چلنے کی ہدایت کی۔ ہمارے خیال میں ایک چیلے یا مرید کے لئے اپنے گورو یا امام کی پیروی کرنے میں ہی سعادت دارین ہے۔ شری سوامی دیانند صاحب کا ڈاڑھی مونچھ کا منڈوانا لاریب آرین نکتہ خیال سے ایک مستحسن فعل ہے۔ اور اگر کوئی کسی آریہ کو اپنے گورو یا سوامی کے نقش قدم پر چلنے کی ہدایت کرتا ہے۔ تو یقیناً وہ اس پر ایک بے بہا اور گرانقدر احسان کر رہا ہے۔ جس کی اسے دل و جان سے قدر کرنی چاہئے اور جو لوگ اپنے گورو کے نمونہ پر چلنا گوارا نہیں کرتے وہ دراصل اپنے گورو کے نمونہ کو ناقابل عمل سمجھتے ہیں۔ جو درپردہ اپنے گورو کی عزت و شان میں فرق لاتے ہیں ؛

جہالت کا نمونہ

چند روز ہوئے۔ پشاور میں ایک آفریدی کا گذر ہوا۔ ایک ایجنٹ اخبار بیچ رہا تھا۔ اسکی درخواست پر آفریدی نے اخبار خرید لیا۔ اور ایک موچی سے اس کا تعویذ بنوا کر اسے گلے میں ڈال لیا۔ بے علم آفریدیوں کی خوش اعتقادی کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔ جبکہ اسلام نے توہمات کا رد کیا ہے۔ شاید ہی کسی دوسرے دین میں اس کی عشر عشیر بھی مل سکے۔ مگر مثل مشہور ہے تخم تاثیر یا صحبت کا اثر۔ اس لئے گرد و پیش کی آب و ہوا غالب آئی جس نے ایک آفریدی کو تعویذ پر لٹو کر دیا۔ خدا ہی ہے جو مسلمانوں کو اس حالت سے نکالے ؛

ایک مسلمان اخبار نویس کے ہاتھوں مسلمانوں کے جذبات کا خون

المنبر جھنگ لکھتا ہے۔ کہ "کچھ (فلیگ) سٹیشنوں پر جہاں کہ تار وغیرہ لگی ہوئی نہیں ہوتی۔ صرف ایک بابو سٹیشن ماسٹر ہوتا ہے۔ اور ایک ہندو پانی پلانے والا۔ اور ایک مصلّی (خاکروب) ہندو ہے تو صرف پانی پلانے کا کام لیا جاتا ہے۔ مگر خاکروب سے ٹٹیوں اور مکانات سٹیشن کی صفائی کے علاوہ مسلمان مسافروں کو پانی بھی پلوایا جاتا ہے۔ بایں ہمہ لطف یہ ہے۔ کہ بمقابلہ ہندو پانی والے کے تنخواہ اس کو کم دی جاتی ہے"۔

اس پر اخبار عام کی پھبتی

اخبار عام لکھتا ہے۔ اگر یہ شکایت درست ہے تو ریلوے حکام کو مسلمان بہشتی کی تنخواہ میں ضرور اضافہ کر دینا چاہیئے کیونکہ وہ ہندو پانی والا کے مقابلہ میں مسلمان مسافروں کو پانی پلانے کے علاوہ خاکروب کے فرائض بھی ادا کرتا ہے ؛

درپردہ اخبار عام نے جو مسلمانوں پر چوٹ کی ہے ہمیں اسکا چنداں افسوس نہیں۔ شاید بیچارہ پنج گویہ کے نسخہ کو بھول گیا ہوگا۔ مگر ہمیں افسوس المنبر پر ہے۔ جس نے اخبار عام کو چوٹ کرنے کا موقعہ دیا۔ کیونکہ کوئی مسلمان ایسے شخص کے ہاتھ سے پانی پینا ایک آن واحد کے لئے بھی پسند نہیں کریگا۔ جس کے ایک ہاتھ میں پانی پلانے کا برتن ہو۔ اور بغل میں کموڈ کے صاف کرنے کا جھاڑو۔

وہ اسلام جو طہارت اور پاکیزگی کا مقلد اعلیٰ ہو۔ پانچوں وقت نماز سے پہلے باقاعدہ وضو کی تاکید کرے۔ تقوے اور طہارت کی کان ہو۔ کیا ہم طرفۃ العین کے لئے بھی یہ باور کر سکتے ہیں کہ اسکے پیرو پاخانہ صاف کرنے والے کے ہاتھوں سے بلا روک ٹوک پانی پی لیں۔ ہرگز ہرگز اور قطعاً قطعاً نہیں ایسا کہنا یقیناً یقیناً مسلمانوں کے جذبات کی سخت ہتک اور خون کرنا ہے۔ جسے ایک غیور انسان طرفۃ العین کے لئے بھی گوارا نہیں کرے گا۔ امید کہ المنیر ہمارے دوستانہ مشورہ سے فائدہ اٹھائیگا ؛

دربار صاحب اور گئو رکھشا

اخبار عام یہ تعجب سے لکھتا ہے۔ کہ مورخہ ۱۳۔ اگست کی شام کو ضلع ہوشیار پور کی ایک بھجن منڈلی جو گئو رکھشا کے متعلق اپدیش کا کام کرتی ہے۔ سری دربار صاحب امرتسر میں آئی۔ اور گورو کے باغ میں اپنا اپدیش کرنے لگی۔ مگر ابھی ان کے اپدیش کو بمشکل تمام چند منٹ ہی ہوئے ہوں گے۔ کہ ایک سکھ نے آکر انہیں گئو رکھشا کے اپدیش سے جبراً روک دیا۔ اسپر اہل جلسہ نے سکھ مذکور سے اس بارہ میں استفسار کیا۔ کہ کیا دربار صاحب ایسے پوتر مندر میں جہاں اور کئی قسم کی کتھائیں ہو رہی ہیں۔ گئو رکھشا کا اپدیش کرنا خلاف قانون ہے؟ جس کے جواب میں اس سکھ نے غصہ سے لال پیلا ہو کر کہا۔ کہ اگر یہ بھجن منڈلی والے شرافت سے باہر نہ جائیں گے۔ تو میں انہیں سردار صاحب اروڑ سنگھ سربراہ دربار صاحب کے پیش کر کے پولیس کی معرفت باہر نکالدوں گا۔ یہ سنکر گئو رکھشا کے ہوشیار پوری اپدیشک خاموشی سے اٹھ کر چل دئے۔

اخبار عام کو اسپر تعجب کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ تمام گرنتھ اور سکھ صاحبان کے لٹریچر کو ایک سرے سے دوسرے سرے تک دیکھ جاؤ۔ کہیں بھی گئو رکھشا کے متعلق ایک لفظ بھی نہیں پاؤ گے۔ سکھ مذہب میں جیسے بھیڑ اور بکری ہے۔ ویسی ہی گائے۔ دریں حال اخبار عام کا افسوس بیجا اور تعجب بذات خود تعجب ؛

آپے میرے بچے جیون

سکھ ہمعصر لائل گزٹ "ایک ناکامیاب اخبار کا حسد" کی سرخی کے تحت میں اپنے ہم قوم ہمعصر خالصہ اخبار کو مخاطب کر کے لکھتا ہے۔ کہ "اخبار مذکور میرے مضامین چھاپنے کا اقرار کرے۔ تو میں اسکے ایک ایک صفحہ سے کئی کئی ایسی فاش غلطیاں انشاء واملا کی نکال کر اس کے ناظرین کے سامنے رکھ سکتا ہوں۔ کہ جن کو کوئی اردو کا قاعدہ پڑھنے والا بھی اپنی عبارت میں پیدا نہ ہونے دے گا۔ ایسے اخبار کا لائل گزٹ سے مقابلہ ؏

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

واقعی آپے میں رجی پجی آپے میرے بچے جیون" اسی کو کہتے ہیں۔ اگر مولوی محمد حسین آزاد زندہ ہوتے۔ تو وہ بھی ایک ناکامیاب اخبار کا حسد" کی سرخی ملاحظہ فرما کر" ناکامیاب" کے لفظ پر پھڑک جاتے۔ اور اس فصاحت و بلاغت کے دیوتا اور اردو کے زبردست سکالر کا لوہا مان جاتے۔ شاید اب اگر عبدالحلیم شرر کی نظر اس انشاء پردازی پر پڑ جاوے۔ تو کچھ خراج تحسین وصول ہو ہی جائے ؛

اردو اخبار نویسی بام تہذیب پر

سکھ ہمعصر لائل گزٹ لکھتا ہے۔ کہ "ہم سے کاشی رام نے سوال کیا ہے۔ کہ ہمارا مسٹر کھٹاؤ مرحوم سے کیا تعلق تھا۔ کہ ہم اسکی اسقدر حمایت کرتے ہیں۔ اب ہم اس مخول کا جواب سوائے اس کے کیا دیں۔ کہ ہمارا مسٹر کھٹاؤ سے وہی تعلق تھا۔ جو مس گوہر کا آپ اور آپ کے شام لال سے ہو سکتا ہے" ؛

اس شائستگی اور تہذیب کے متعلق بھی کسی تشریح کی ضرورت ہے۔ پھر شکایت یہ کہ اردو اخبارات کو عزت و احترام نصیب کیوں نہیں ہوتا ؛

ایک کارکن عہدہ دار

قاضی عبدالرحیم صاحب جنہیں فن تعمیر میں ایک خاص ملکہ حاصل ہے۔ اور جو اپنا معقول روزگار چھوڑ کر محض قادیان کی رہائش کی خاطر معمولی روزگار اور معمولی تنخواہ کو ترجیح دیکر یہاں چلے آئے۔ خدا نے بھی آپ کے اخلاص کی قدر کی۔ بورڈنگ ہوس اور تعلیم الاسلام ہائی سکول کی سب عمارت جو پنجاب کے کل ہائی سکولوں اور بورڈنگ ہوسوں میں اپنی نظیر نہیں رکھتی۔ اور جسکی تعریف معائنہ کنندہ افسروں نے بار ہا رائے بک میں کی ہے۔ یہ سب کام قاضی صاحب کی نگرانی میں ہوا ہے۔ چنانچہ افسر صیغہ تعمیر قاضی صاحب کے متعلق فرماتے ہیں۔" فی الواقعہ قاضی صاحب تمام کی تمام عمارت کے ذمہ دار رہے ہیں۔ اور میں خوشی سے کہہ سکتا ہوں۔ کہ انھوں نے اپنے فرائض کو حسن و خوبی سے سرانجام دیا ہے۔ عمارت کے کام میں ان کے مشورے مفید ثابت ہوتے رہے ہیں۔ اپنے فن کی واقفیت کے علاوہ ان میں بڑی خوبی کی بات یہ ہے۔ کہ وہ اپنے فرائض کی طرف پوری تندہی اور جانفشانی سے متوجہ ہوتے ہیں۔ ان کے ذمے بہت سے کام رہے۔ اور اپنی محنت کش روش کے سبب انھوں نے ہر کام اچھی طرح نباہا۔ ان کے ذمہ تقسیم زر کا کام بھی رہا۔ مگر مجھے کبھی بھی ان کی دیانتداری کے متعلق ذرہ شبہ کرنے کا موقعہ نہیں ملا۔ میری رائے میں ان کی یہ خوبی ان کی خدمات کی قدر کو اور بھی بڑھا دیتی ہے۔" دستخط سیکرٹری صدر انجمن احمدیہ۔ ۲۸ ۵/۱۳

پھر آگے چلکر دوسرے موقعہ پر افسر اعلیٰ ان کے متعلق فرماتے ہیں۔

"ایک کروڑ کے قریب بھٹہ میں اینٹ تیار کرائی۔ جسپر صدر انجمن نے بذریعہ ریزولیوشن ۱۰۷۶ مورخہ ۲۱۔ نومبر ۱۹۰۹ء خوشی کی سند اور ۲۰۰ روپے انعام دیا۔ ماہ اگست ستمبر ۱۹۰۹ء کی سخت بارشوں کے دنوں میں دن رات عمارتوں کی نگرانی میں مصروف رہتے۔ اور قابل تعریف محنت سے کام کیا" ؛

پھر صدر انجمن احمدیہ نے اپنے اجلاس منعقدہ ۲۸ ۱۲/۱۱ ریزولیوشن ۲۵ میں اور نیز سروس بک میں تحریر کیا۔ کہ چونکہ انھوں نے کام تعمیر بورڈنگ ہوس کا بہت محنت سے کیا ہے۔ لہذا مجلس ان کی کارگذاری میں خوشنودی کے طور پر انہیں ایک ماہ کی تنخواہ بطور انعام منظور کرتی ہے"

KHILAFAT LIBRARY

نقل نوٹ سروس بک حسب منظوری صدر انجمن احمدیہ

بھٹہ کے تیار کروانے میں بڑی محنت اور جانفشانی سے کام کیا ہے۔ یہاں تک کہ اپنی صحت تک کی بھی پرواہ نہیں کی۔ ایسا ہی عمارت کے کام کو بھی انھوں نے بہت ہی خوبی اور محنت سے نباہا ہے۔ اور ہر طرح سے تعریف کے مستحق ہیں"۔

قاضی صاحب نے صدر انجمن کی قریباً تمام عمارتیں تیار کرائیں۔ جنمیں تعمیر بورڈنگ و ہائی سکول قابل ذکر ہیں۔ جب صدر انجمن احمدیہ کی تعمیر کا سلسلہ ختم ہو گیا۔ تو حضرت خلیفۃ المسیح ثانی نے منارۃ المسیح کا اہم اور شاندار کام ان کے سپرد کیا۔ جو ان کے ہاتھ انجام پذیر ہوا۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب سلمہ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں۔

KHILAFAT LIBRARY

"قاضی صاحب نے واقعی ہزاروں روپیہ کا کام کیا ہے جو اب تک کوئی شخص کوئی نقص نہیں نکال سکا"۔ ۱۷ ۹/۱۵

پھر سکرٹری صاحب صدر انجمن احمدیہ ۷ جون سنہ ۱۴ء ۲۲۹ میں فرماتے ہیں "کہ قاضی صاحب دیانتدار اور معتبر آدمی ہیں"۔

"نوٹ"۔ بے شک اس پہلو سے قاضی صاحب کی زندگی قابل رشک اور ان کا طرز عمل دیگر ملازمین کے لئے نیک نمونہ ہے۔ ہماری یہ دل و جان سے دعا ہے۔ کہ جسطرح حکام مجازی قاضی صاحب پر خوش و خرم ہے خدا بھی قاضی صاحب پر راضی اور ہمیشہ کے لئے راضی ہو۔ آمین

اگر دوستوں کو عمارت بنانے کا اتفاق ہو تو وہ قاضی صاحب سے ضرور مشورہ لیں۔ قاضی صاحب نقشہ نویس بھی اعلیٰ پائہ کے ہیں۔ اور ساتھ ہی اس کے آپ سپروائیزر بھی اعلیٰ درجہ کے ہیں۔ عمارات کے متعلق قاضی صاحب کا تجربہ وسیع ہے۔ جو دوست بھی قاضی صاحب سے اپنی عمارت بنانے کے قبل مشورہ لیگا۔ ہمیں امید ہے۔ کہ انشاء اللہ تعالےٰ وہ ہر طرح سے فائدہ اور نفع میں رہیگا ٭

کیا واقعی غم کوئی چیز نہیں؟

خواجہ حسن نظامی نے پچھلے دنوں عالم خیال کی پروازی میں "غم کوئی چیز نہیں"۔ ایک مضمون لکھا تھا۔ جو مختلف اخبارات میں چکر لگاتا رہا۔ اب میرے عزیز بھائی منشی غلام نبی صاحب بلا لوی ایڈیٹر الفضل نے خواجہ صاحب کے جواب میں یہ بے بہا مضمون زیب رقم فرمایا ہے مضمون کس پایہ کا ہے اسکے متعلق ہم خود کچھ نہیں کہنا چاہتے خود ناظرین پڑھ کر بجا کی آواز بلند کریں گے۔ اور کچھ تعجب نہیں۔ کہ یہ مضمون پڑھ کر خواجہ صاحب کی روح بھی پھڑک اٹھے۔ (ایڈیٹر نور)

آدمی کو خدا کی سنوار عجیب تراش خراش کا پتلا بنا ہے۔ دنیا میں آتا ہے یہاں کی چیزوں کو دیکھتا ہے۔ تو انپر رائے زنی کرتا ہے جو منہ میں آتا ہے کہتا ہے لکھتا ہے۔ اور پھر اس کی ضد ہوتی ہے کہ جو میں نے سمجھا ہے وہی درست ہے۔ کوئی اس کے خلاف جنبش نہ کرے۔ یہ وہ الفاظ ہیں۔ جو خواجہ حسن نظامی صاحب نے "غم کوئی چیز نہیں" کی شرح کرتے ہوئے تمہید اً زیب قرطاس کئے ہیں۔ لیکن اگر جناب خواجہ صاحب کی جگہ میں ہوتا۔ تو انہیں الفاظ کو قدرے تغیر کے ساتھ اس طرح لکھتا۔ کہ آدمی کو خدا کی سنوار عجیب تراش خراش کا پتلا بنا ہے دنیا میں آتا ہے یہاں کی بعض چیزوں کو خوب جانتا ہے مگر ان کے وجود سے انکار کر بیٹھتا ہے۔ اور پھر اس کی ضد ہوتی ہے کہ جو میں نے سمجھا وہی درست ہے خواجہ صاحب کا خیال ہے کہ "غم دراصل کوئی چیز نہ تھا"۔ لیکن انسان نے اس کو خود بخود گھڑ لیا ہے۔ اور حیات کی لذتوں کو آپ ہی کرکرا بنا لیا۔ اگر یہ خیال سکان ملاء اعلےٰ میں سے کسی کو پیدا ہوتا۔ تو وہ کشاں کشاں خاک اسے معذور سمجھتے۔ کیونکہ انہوں نے سنا ہوا ہے۔ کہ

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

لیکن اب تو یہ الفاظ ایک ایسے وجود کی طرف سنائی دے رہے ہیں جس کی خس و خاشاک کو سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں بار غم والم کے تیز اور تند جھکڑوں نے اڑا اڑا اور حزن و ملال کے تھپیڑوں نے گرا گرا دیا۔ اور آئندہ بھی جب تک کہ سطح خاک سے بالکل پیوست نہیں ہو جاتا۔ یہی کچھ ہوتا دیکھیگا۔ مجھے وہ وقت خوب یاد ہے جبکہ جناب خواجہ صاحب نے "جان ماربانو" کا مرثیہ بڑے دردناک اور غمگین الفاظ میں لکھا تھا۔ اور وہ وقت بھی یاد ہے جبکہ انہوں نے فرقہ اناث کی ہمدردی اور دستگیری کے جوش میں اپنے ایک نکتہ چین اور حرف گیر خیالین کو کہا تھا۔ کہ ؎

ہر چہ باداباد ما کشتی در آب انداختیم۔ اسوقت یہی سمجھا گیا تھا۔ کہ انہیں بیچاری "جان مار" کے غم والم نے یہ مرثیہ دلگداز لکھنے اور اسقدر جرأت مردانہ دکھلانے پر مجبور کیا ہے لیکن اگر انہیں غم کے وجود سے ہی انکار ہے۔ اور وہ اس کی شناسائی تک نہیں رکھتے۔ تو مجبوراً اس خیالین کا ہی ہم نوا ہونا پڑے گا۔ لیکن جسطرح روز روشن میں طلوع آفتاب سے اور چمکتی ہوئی چاندنی میں ملکۂ شب کی نرم افروزی سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اسی طرح تختۂ عالم پر خواجہ حسن نظامی کے ساتھ غم کے وابستہ ہونے میں بھی شبہ نہیں ہو سکتا۔ ہاں یہ ایک الگ بات ہے کہ خواجہ صاحب عالم خیال میں اپنے آپ کو غم والم کی زنجیروں سے آزاد سمجھتے ہوں لیکن اس صورت میں ان کو یہ حق حاصل نہیں ہے۔ کہ عام ہوش میں رہنے والوں سے اپنی اس وارفتگی کا نام حقیقت رکھوائیں۔ اور یہ خندہ آفرین دلائل پیش کریں۔ کہ "سورج نکلتا ہے اور چھپ جاتا ہے۔ چاند چھوٹا نکلتا ہے اور بڑھتا ہے۔ پورا ہوتا ہے۔ اور گھٹتا ہے۔ اور گھٹتے گھٹتے ناپید ہو جاتا ہے"۔ کبھی نہیں سنا۔ کہ سورج نے اپنے غروب ہونے اور چاند نے گھٹنے بڑھنے پر غم کیا ہو" ٭

کیا خوب! خواجہ صاحب سورج کے غروب ہونے اور چاند کے گھٹنے بڑھنے پر کسی قسم کا غم نہ کرنے کی تھیوری اس زمانہ میں پیش کرتے ہیں۔ جب کہ علم کی روشنی نے جہل کے پردہ کو چاک کر دیا ہے اور عقل کی شمع نے جہالت کی ظلمت کو روشنی سے بدل دیا ہے۔ خواجہ صاحب کے اس طرز استدلال کا اگر داستان امیر حمزہ یا الف لیلہ کے مصنفین کو علم ہوتا۔ تو ممکن تھا۔ کہ وہ کچھ فائدہ اٹھا لیتے۔ لیکن اب تو اس متاع بے بہا سے مستفید ہونے کی ہوا رکھنے والا کوئی نظر نہیں آتا ٭

خواجہ صاحب کے پیش نظر بات تو یہ ہے۔ کہ انسان جو غم کرتے ہیں۔ وہ دراصل کوئی چیز نہیں ہے۔ مگر تشریح کرتے وقت آپنے مثال دی ہے تو چاند اور سورج کی۔ معلوم ہوتا ہے۔ زمانہ حال کے صوفیوں کی حالت مراقبہ لاحق ہونے کی وجہ سے جناب خواجہ صاحب کو یہ یاد نہیں رہا۔ کہ نہ تو سورج پر غروب اور طلوع کا کوئی اثر ہوتا ہے۔ اور نہ چاند پر کوئی تبدیلی واقعہ ہوتی ہے۔ کیونکہ اہل علم و نظر اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہو چکے ہیں۔ کہ سورج اپنی جگہ پر قائم ہے نہ وہ کہیں سے نکلتا ہے۔ اور نہ کہیں غائب ہوتا ہے۔ اور چاند بھی ایک ہی جسامت رکھتا ہے۔ نہ کبھی گھٹتا ہے۔ اور نہ کبھی بڑھتا ہے۔ پس جبکہ حالت یہ ہے۔ تو چاند اور سورج کو کیا ضرورت پڑی ہے۔ کہ ان تغیرات کی وجہ سے جو صرف بعض ظاہر بین آنکھوں کو نظر آتے اور علم سے معرا دماغوں کو حقیقت پر مبنی معلوم ہوتے ہیں

صف ماتم بچھائیں۔ اور غم والم کا اظہار کریں۔ ماں اگر خواجہ صاحب یہ کہدیں۔ ہمیں حقیقت سے کیا ہے۔ ہم تو ظاہر بین ہے ہر روز دیکھتے ہیں۔ سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔ اور مغرب میں غروب ہوجاتا ہے۔ ہر رات ملاحظہ کرتے ہیں۔ چاند گھٹتا [illegible] آفتاب و ماہتاب ان تغیرات سے غم والم معلوم کرتے دکھائی نہیں دیتے۔ تو انسان اپنے اوپر وارد ہونے والی تبدیلیوں سے کیوں غم محسوس کرتا ہے۔ اگر خواجہ صاحب کی نظر باوجود "مصور فطرت" کہلانے کے ظاہر پر ہی جمتی ہے تو انہیں مہربانی کرکے سورج پر اس وقت نظر کرنی چاہیئے جبکہ وہ غروب ہوتا نظر آرہا ہو۔ اور اس کے رنگ بافتہ اور زرد چہرہ سے غم والم اور رنج وملال کے نقوش پڑھ لینے چاہئیں ہماری طرف سے سخت ناقدرشناسی ہوگی۔ اگر ہم نے خواجہ صاحب کی اس حقیقت نوازی پر توجہ نہ کی۔ جو انہوں نے چاند اور سورج کی مثال پر خود ہی ایک اعتراض پیدا کرکے آشکارہ کی ہے۔ "اگر کہو ان کی زبان نہیں ہے تو جانوروں کو دیکھو۔ جو اپنے غصہ اور اپنی خوشی کو ظاہر کرنے پر قادر ہیں ان کے افراد میں جب یہ تغیرات ہوتے ہیں۔ تو وہ کبھی غم نہیں کرتے"۔ اول تو خواجہ صاحب کا جانوروں کو غمزدہ نہ پانے سے ضروری نہیں۔ کہ انہیں غم محسوس ہی نہ ہو۔ لیکن یہ بھی ان کا تجاہل عارفانہ ہے۔ دنیا میں بیسیوں مثالیں ایسی مل سکتی ہیں کہ وہ جانور جنکا آپس میں پیار اور محبت ہوتی ہے۔ ایک دوسرے کی جدائی سے غم واندوہ سے جان تک دے دیتے ہیں اگر کسی جانور کا بچہ مرجائے۔ یا اٹھا کر کوئی لے جائے۔ تو مفتوں غمگین اور اداس رہتے ہیں۔ اگر انہیں کوئی تکلیف پہنچے [illegible] کے دور ہونے تک غمناک نظر آتے ہیں۔ کھاتے کم ہیں۔ آزردہ سے رہتے ہیں ان واقعات کے ہوتے ہوئے کسطرح کہا جاسکتا ہے۔ کہ دنیا میں پہلے غم والم کا نام ونشان نہ تھا۔ آدمی نے اسکو ایجاد کیا۔ اگر یہ صرف آدمی کی ایجاد ہوتی۔ تو چاہیئے تھا۔ کہ دوسری مخلوق اس سے محفوظ رہتی۔ لیکن ناممکن ہے۔ کہ کوئی جاندار اس عالم فانی میں رہتا ہوا اس کے اثر سے مامون رہ سکے۔ اور اصل بات تو یہ ہے کہ اگر غم نہ ہو۔ تو دنیا کا کچھ بھی نہ تھا۔ ایک ماں اپنے بچے کی کیوں پرورش کرتی ہے۔ اس لئے کہ اسکی دکھ اٹھانے سے اسی غم ہوتا ہے ایک باپ اپنے بیٹے کی کیوں تربیت کرتا ہے۔ اسلئے کہ اس کے غیر تربیت یافتہ ہونے کی وجہ سے اسے غم ہوتا ہے۔ ایک خاوند کیوں اپنی بیوی کے لئے جان دیتا ہے۔ اسلئے کہ اس کی تکلیف سے اسے غم پہنچتا ہے۔ ایک بیوی کیوں اپنے خاوند کا دکھ دیکھ [illegible] ہے۔ اسلئے کہ اس سے بھی اسے غم ہوتا ہے ایک بھائی اپنے بھائی کے لئے کیوں سر کٹاتا ہے۔ اسلئے کہ اس کی مصیبت سے اسے غم ہوتا ہے۔ ایک لڑکا کیوں اپنے ماں باپ کی خدمت اور تواضع کرتا ہے۔ اسلئے کہ ان کے اٹھانے سے اسے غم ہوتا ہے۔ اگر یہ نہو۔ تو کوئی ماں اپنے بچے کی۔ کوئی باپ اپنے لڑکے کی۔ کوئی خاوند اپنی بیوی کی۔ کوئی بیوی اپنے خاوند کی۔ کوئی بھائی اپنے بھائی کی۔ کوئی لڑکا اپنے ماں باپ کی ذرا بھر بھی پرواہ نہ کرے۔ پھر دیکھئے۔ ایک مزدور ایک نوکر۔ ایک مالدار۔ ایک تاجر ایک سوداگر کیوں اپنی آمدنی سے کچھ نہ کچھ بچاتا اور جمع کرتا ہے۔ صرف اسلئے کہ کل مجھے یا میری اولاد کو غم واندوہ کا شکار نہ ہونا پڑے لیکن اگر اسے غم کے ہونے کا خطرہ ہی نہو۔ تو کبھی ایک کوڑی بھی وہ پس انداز نہ کرے۔ پھر دیکھئے۔ ایک کاریگر ایک صناع ایک پیشہ ور کیوں اپنا کاروبار کرتا ہے۔ صرف اسلئے کہ میں اور میرے بال بچے فاقہ مستی کے غم میں گرفتار نہ ہوں۔ لیکن اگر اسے غم کے وجود سے ہی انکار ہو۔ تو کبھی وہ ہاتھ بھی نہ ہلائے۔ اب غور کرنے کی بات ہے۔ کہ اگر دنیا پر کوئی ایسا وقت آجائے۔ جبکہ تمام لوگ خواجہ حسن نظامی صاحب کے خیالات کے پیدا ہوجائیں۔ تو کیا ایک دوسرے کے تعلقات بالکل منقطع نہ ہوجائیں گے؟ اور کیا کل کی فکر کا خیال آج کے کام کرنے والوں کے دور اندیش قلوب سے کافور نہ ہوجائے گا۔ عالم تصور میں تو ایسا ہونیکا امکان ہے۔ مگر واقعہ میں کبھی ایسا نہیں ہوگا۔ کیونکہ غم وفکر موجود ہے۔ اور رہتی دنیا تک موجود رہیگا۔ لیکن اگر حقیقت یہ ہو کہ غم سرے سے کوئی چیز ہی نہ ہو۔ تو پھر خدا کے ان برگزیدہ بندوں کی نسبت کیا خیال کیا جائیگا۔ جو غم کے احساس کا کھلے طور پر اظہار کرتے رہے ہیں۔ دیکھئے حضرت یعقوب علیہ السلام خدا تعالےٰ کے ایک نبی تھے۔ وہ اپنے بیٹے حضرت یوسف ؑ کی جدائی کے صدمہ میں کہتے ہیں یاسفی علی یوسف وابیضت عینہ من الحزن۔ (۱۲-۸۴)

(اس نے کہا۔ ہائے افسوس یوسف پر۔ اور اسکی آنکھیں غم کے سے ڈبڈبا آئیں۔)

پھر فرماتے ہیں۔ انما اشکو بثی وحزنی الی اللہ سوائے اس کے نہیں کہ میں اپنی بے قراری اور غم کی شکایت اللہ کے حضور کرتا ہوں اگر غم کوئی چیز نہوتا۔ اسکا کرنا درست نہوتا۔ تو وہ کیوں کرتے۔ معلوم ہوا۔ کہ یہ کوئی بری بات نہیں ہے۔ یہ تو حضرت یعقوب کے متعلق ہوا۔ اب خدا تعالےٰ کے اس برگزیدہ اور اکمل انسان کی طرف دیکھئے جسکی شان کا ابتدائے دنیا سے نہ کوئی ہوا اور نہ ہوگا۔ کہ اس نے بھی کبھی غم کیا یا نہیں کہتے ہیں۔ جسقدر کسی کا درجہ بلند ہوتا ہے اسی قدر اسے زیادہ غم اور فکر ہوتا ہے۔ اور یہ بات بالکل ٹھیک اور درست بھی معلوم ہوتی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا درجہ چونکہ تمام نبی نوع سے اعلیٰ وارفع تھا۔ اسلئے آپکو جو غم تھا۔ وہ بھی ایسا ہی تھا۔ کہ جس کے مقابلہ میں اور کسی کو ہو ہی نہیں سکتا۔ چنانچہ خدا تعالےٰ بھی آپکی نسبت فرماتا ہے۔ ھلک بافخ نفسک ان لا یکونوا مومنین "کیا تم اپنی جان کو اس غم میں ہلاک کردوگے۔ کہ لوگ کیوں ایمان نہیں لاتے"۔ یہ تو آپکو وہ غم تھا۔ جو دنیا کی بھلائی اور بہتری سے تعلق رکھتا تھا۔ لیکن آپ اپنے ذاتی واقعات پر بھی غمگین ہوا کرتے تھے۔ جیسا کہ اپنے صاحبزادہ ابراہیم کی وفات پر فرمایا۔ ان بفراقک یا ابراھیم لمحزونون اے ابراہیم! میں تیری جدائی میں غمناک ہوں۔ کیا مادر گیتی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھکر کوئی انسان پیدا کرسکتی ہے۔ اور کیا چشم فلک آپ سے بڑھ کر فطرت صحیحہ رکھنے والا انسان دیکھ سکتی ہے۔ ہرگز نہیں۔ پھر جب آپ غم محسوس کرتے۔ اور اس سے اثر پذیر ہوتے ہیں۔ تو اور کون ہے۔ جو اس کے وجود سے ہی انکار کرے۔ ہاں جس طرح دوسری فطرتی طاقتوں کا ناجائز استعمال برا اور نقصان دہ ہوتا ہے۔ اسی طرح غم کا ناجائز استعمال بھی برا ہے۔ اس سے کسی کو انکار نہیں۔

کاش خواجہ صاحب حقیقی غم سے آشنا ہوتے۔

(بلانوی)

KHILAFAT LIBRARY

گھر کے بوڑھوں بچوں جوانوں مردوں و عورتوں سب کا بہترین محافظ

جس کے

بیس ہزار

KHILAFAT LIBRARY

معزز عہدہ داروں سیٹھ ساہوکاروں راجوں اور نوابوں کے جن کی یا جن کے بال بچوں کی اس نے حفاظت کی سارٹیفکیٹ موجود ہیں۔ آپ بھی اس کی خدمت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں تھوڑے سے خرچ سے دن ہو یا رات۔ گھر ہو یا باہر یہ آپکی خدمت کرے گا۔ یہ ایک ہی محافظ جملہ آور امراض کو دور کرنے میں بڑا بہادر ثابت ہوا ہے ٭

ہیضہ بخار ذات الجنب نمونیا درد مفاصل سیل بھگندر درد گردہ سانپ بچھو وغیرہ کا زہر خنازیر قولنج داد چنبل طاعون وغیرہ بڑے بڑے بہادر اسکے حملہ کی تاب نہیں لا سکے پیٹ درد سر درد کان درد آنکھ درد درد چوٹ درد دانت ہسٹیریا قے بدہضمی اپھارا اوچی نزلہ زکام بواسیر ناک چھینک پھوڑا پھنسی بھڑ چوہا وغیرہ کاٹ ڈنگ منہ کا پکنا خارش چھپاکی وغیرہ کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ امراض کے بڑی سے بڑی فوج کو بھی یہ بھٹکا دیتا ہے اگر دشمن بہت ہی زبردست ہو تو بھی ان کی پیش قدمی کو اس وقت تک روک دے گا کہ آپ اس کی مدد اور کمک بھیجدیں ٭

جناب کنور وید دھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید ایڈیٹر طبی اخبارات دیش اپکارک و وید امرت و مصنف سامان جات طبی کی ایجاد کردہ یہ محافظ

"امرت دھارا" (رجسٹری شدہ)

نامی دوائی ہے جو کہ ہر گھر بلکہ ہر جیب میں سفر و حضر میں ہر ملک و ہر موسم میں موجود رہنی چاہیے قیمت عیسائی شیشی نصف شیشی ۱۴ عدد ۱۰ عدد صرف آٹھ آنے ۸ر

احتیاط امرت دھارا نے ایشور کی کرپا سے بہت نام پایا ہے۔ اسکی اتنی بکری ہے کہ خاص امرت دھارا بھون میں امرت دھارا نام سے ڈاکخانہ کھولا گیا ہے پاس کی سڑک کا نام بھی امرت دھارا روڈ رکھا گیا ہے امرت دھارا بھون کی رسم افتتاح ڈپٹی کمشنر صاحب لاہور کے مبارک ہاتھوں سے ہوئی تھی۔ امرت دھارا کی اسقدر مشہوری کے باعث جھوٹے اشتہار باز ایسی ہی اوصاف والی ادویات کے اشتہار دیتے ہیں اور بعضوں نے تو عجیب ملتے نام رکھے ہیں اس واسطے دھوکے سے بچو اور امرت دھارا کے سوائے کوئی اسکی نقل نہ خریدو۔ اگر کمی قیمت کا خیال ہو تو امرت دھارا کی نقل آبحیات ۱۲ عدد شیشی کے حساب سے ہم سے ہی خرید سکتے ہیں یقیناً ہماری نقل بھی ان نقالوں سے بہتر ہوگی

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ:- "امرت دھارا" ۵۰ برانچ لاہور

(باہتمام حافظ مظفر الدین صاحب اسلامیہ سٹیم پریس لاہور میں چھپکر شیخ محمد یوسف صاحب کے لئے قادیان سے شائع ہوا)